Alberta

نیوز ریلیز

اسکولوں میں کووِڈ-19 رپورٹنگ کی تازہ ترین معلومات

14 جنوری، 2021ء میڈیا انکوائریز

تعلیمی شراکت داروں کے تاثرات کی بنیاد پر اسکولوں میں کووِڈ-19 کے کیسوں کی تعداد بتانے والی زبان کو اَپ ڈیٹ کیا جا رہا ہے – بمع والدین، اسکول اور بورڈز۔

اس وقت، کووِڈ-19 کے کیسوں والے اسکولوں کو یا تو الرٹ (alert)، پھیلنا (outbreak) یا نگرانی (watch) والے کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ ہر قسم ایک مخصوص اسکول میں واقع کیسوں کی ایک خاص تعداد کی عکاسی کرتی ہے۔

18 جنوری سے، مندرجہ ذیل اصطلاحات استعمال کی جائیں گی:

- الرٹ (Alert): ایک سے چار کیسز
- پھیلنا (Outbreak): پانچ یا اس سے زائد کیسز

اصطلاح "نگرانی" جو بہت سے شراکت داروں کو پریشان کرتی تھی، اب استعمال نہیں کی جائے گی۔

"وبائی مرض کے آغاز کے بعد سے، ہم نے نظامِ تعلیم کے ساتھ مل کر کام کیا ہے اور ان کی آراء کو سُنا ہے۔ ہم ان کی درخواست کی بنیاد پر اس اصطلاح کو تبدیل کر رہے ہیں۔ صاف اور آسان زبان خاندانوں، البرٹا ہیلتھ سروسز اور ہماری اسکول کمیونٹیوں کے ساتھ مِل کر طلباء اور عملے کو محفوظ رکھنے میں ہم سب کی مدد کرے گی۔"

ایڈری آنا لاگرینج (Adriana LaGrange)، وزیرِ تعلیم

"ہم کمیونیکیشن کو صاف شفاف کرنے کیلئے پُرعزم ہیں، اور جس طریقے سے ہم اسکولوں میں کیسوں کی تعداد بتاتے ہیں اس میں تبدیلی بہتری میں ہماری مدد کرتی ہے۔ جو اصطلاحیں ہم آئندہ استعمال کریں گے وہ زیادہ وجدانی ہیں، اور ہم اُمید کرتے ہیں کہ وہ عملے اور والدین کو اپنے اسکولوں میں کووِڈ-19 کی صورتِ حال کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد دیں گی۔"

ڈاکٹر ڈینا ہنشا (Dr. Deena Hinshaw)، چیف میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ

"البرٹا اسکول بورڈ ایسوسی ایشن (اے ایس بی اے) حکومت البرٹا کی طرف سے اسکولوں میں کووِڈ-19 کے کیسوں کے بارے میں استعمال کی جانے والی اصطلاحات کو تبدیل کرنے کیلئے وکالت کر رہی ہے اور ان تبدیلیوں کی حامی ہے جو تعلیم کے عملے، والدین، طلباء اور کمیونٹی کے ممبران کیلئے یکساں شفافیت فراہم کریں گی۔ ہم وزارت کے ساتھ اپنے مسلسل تعاون کے منتظر ہیں کیونکہ ہم سب اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ طلباء اور عملے کی حفاظت کو ترجیح دی جاتی ہے۔"

لوری جیس (Lorrie Jess)، صدر، البرٹا اسکول بورڈز ایسوسی ایشن

متعلقہ معلومات

- کووِڈ-19 اسکول اسٹیٹس کا نقشہ
- کووِڈ-19 اسکولوں کیلئے رہنمائی اور صحت کے اقدامات

میڈیا انکوائریز

ٹام میکملن (Tom McMillan)
780 415-2496
اسسٹینٹ ڈائریکٹر آف کمیونیکیشنز، ہیلتھ

جسٹن مارشل (Justin Marshall)
780-913-0264
پریس سیکریٹری، ایجوکیشن

"سی اے ایس ایس (CASS) ہماری کمیونٹیوں پر وبائی مرض کے اثرات کے بارے میں معلومات کے انتظام اور اطلاعات پہنچانے میں افادیت، شفافیت اور وضاحت کو فروغ دینے کیلئے وزارت کے وقت اور کوشش کی قدر افزائی کرتا ہے۔ اس حکمت عملی نے ہمارے عملے اور والدین کی کمیونٹیوں کے ساتھ مضبوط شراکت داری کو برقرار رکھنے کے نظام کے کاموں کے ہمارے مقصد کی بھرپور تائید کی ہے۔"
ڈیوڈ کیوہین (David Keohane)، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، کالج آف البرٹا اسکول سپرنٹنڈنٹس

"اے ایس بی او اے (ASBOA) کا خیال ہے کہ اصطلاحات میں اس تبدیلی سے پریشانی کم ہوگی اور شفافیت میں اضافہ ہوگا، کیونکہ اس کا تعلق اسکولوں میں کووِڈ-19 کے کیسوں سے ہے۔ ہم جاری بنیاد پر وزارت کو تبادلہ خیالات اور آراء فراہم کرنے کے موقع کی قدر افزائی کرتے ہیں۔"
ڈیکسٹر ڈرفی (Dexter Durfey)، صدر، ایسوسی ایشن آف اسکول بزنس آفیشلز آف البرٹا

دو یا دو سے زائد کیسوں والے اسکولوں کی رپورٹ کووِڈ-19 اسکول کے نقشے پر دی جاتی رہے گی۔ کووِڈ-19 کے دوران سیکھنے کیلئے اضافی رہنمائی کے مواد alberta.ca/returntoschool سے مِل سکتے ہیں۔

طلباء، عملہ اور خاندانوں کو فراہم کردہ پبلک ہیلتھ کی مدد میں کوئی تبدیلی نہیں ہے۔ جب ان کے بچے کے اسکول میں ایک کیس بھی ہوتا ہے، تو والدین کو مطلع کیا جاتا رہے گا اور اسکول میں دو یا اس سے زائد کیس ہوں گے تو ان کی مزید مدد کی جائے گی۔

البرٹا کی حکومت خط منحنی کو موڑنے، چھوٹے کاروباروں کو برقرار رکھنے اور البرٹا کی صحت کی نگہداشت کے نظام کی حفاظت کے درست اقدامات کے ذریعے زندگیوں اور معاش کا تحفظ کرتے ہوئے کووِڈ-19 وبائی مرض کا جواب دے رہی ہے۔

فوری حقائق

- 14 جنوری تک، اسکولوں میں کلاس میں حاضر ہو کر سیکھنے کے بعد سے کووِڈ-19 کے 15 کیسز ہوئے تھے، جو اسکول کی آبادی کے 0.0019 فیصد کی نمائندگی کرتے ہیں۔ دس اسکول الرٹ (Alert) پر اور دو پھیلنے (outbreak) والی حیثیت پر ہیں۔
- اسکول میں پھیلاؤ کے اعداد و شمار ستمبر 2020ء سے آن لائن ہیں۔